128211 ـ آپ کی ساس کا دودھ پینے والا شخص آپ کی اولاد کا ماموں ہو گا

سوال

میری ایك بیوی سے آٹھ بچیاں ہیں، اور میری ایك سالی میری بیوی سے پندرہ برس چھوٹی ہے میری ساس کا ایك شخص نے دودھ پیا تو وہ اس کا رضاعی بھائی ہوا، لیکن مجھے مشکل یہ درپیش ہے کہ میری بیٹیاں کہتی ہیں وہ ہمارا رضاعی ماموں ہے، اور وہ اس سے پردہ نہیں کرتیں، لیکن میں انہیں روکتا ہوں اور وہ انکار کر دیتی ہیں، برائے مہربانی اس کے متعلق معلومات فراہم کریں.

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر مذکورہ شخص نے آپ کی ساس کا یا پھر آپ کے سسر کی دوسری بیوی جبکہ وہ آپ کے سسر کے نکاح میں ہی ہو اس کا پانچ رضاعت یا اس سے زیادہ دو برس کی عمر کے اندر اندر دودھ پیا ہے تو وہ آپ کی بیٹیوں کا رضاعی ماموں ہو گا.

اس طرح وہ اس شخص سے باقی محرم مردوں کی طرح پردہ نہیں کرینگی، اور اس کے ساتھ خلوت بھی کر سکتی ہیں.

کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" رضاعت سے بھی وہی حرام ہو جاتا ہے جو نسب سے حرام ہوتا ہے "

متفق علیہ.

یہ اس صورت میں ہے جب اس کے ساتھ خلوت کرنے میں کوئی شك و فتنہ اور خرابی پیدا ہونے کا اندیشہ نہ ہو " انتہی .